روزنامہ

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 24/اکتوبر 2005ء 19 رمضان 1426 ہجری 24۔اخاء 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 239

## تین چاند

حضرت عائشہؓ نے رویا میں دیکھا کہ تین چاند ان کی گود میں آ گرے ہیں۔ جب رسول کریم ﷺ کو حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں دفن کیا گیا تو حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ یہ ایک چاند ہے اور سب سے بہتر چاند ہے۔ بعد میں حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ بھی اسی حجرہ میں مدفون ہوئے اور خواب پوری ہوئی۔

(مؤطا امام مالک۔ کتاب الجنائز باب دفن المیت حدیث نمبر 489)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جاننا چاہئے کہ عالم آخرت درحقیقت دنیوی عالم کا ایک عکس ہے اور جو کچھ دنیا میں روحانی طور پر ایمان اور ایمان کے نتائج اور کفر اور کفر کے نتائج ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ عالم آخرت میں جسمانی طور پر ظاہر ہو جائیں گے۔ اللہ جلشانہ فرماتا ہے (۔) جو اس جہان میں اندھا ہے، وہ اس جہان میں بھی اندھا ہی ہوگا۔ ہمیں اس تمثیلی وجود سے کچھ تعجب نہیں کرنا چاہئے اور ذرا سوچنا چاہئے کہ کیونکر روحانی امور عالم رویا میں متمثل ہو کر نظر آ جاتے ہیں اور عالم کشف تو اس سے بھی عجیب تر ہے، کہ وجود عدم غیبت حس اور بیداری کے روحانی امور طرح طرح کے جسمانی اشکال میں انہیں آنکھوں سے دکھائی دیتے ہیں۔ جیسا کہ بسا اوقات عین بیداری میں ان روحوں سے ملاقات ہوتی ہے، جو اس دنیا سے گزر چکے ہیں اور وہ اس دنیوی زندگی کے طور پر اپنے اصلی جسم میں اسی دنیا کے کپڑوں میں سے ایک پوشاک پہنے ہوئے نظر آتے ہیں اور باتیں کرتے ہیں۔ اور بسا اوقات ان میں سے مقدس لوگ باذنہ تعالیٰ آئندہ کی خبریں دیتے ہیں اور وہ خبریں مطابق واقعہ نکلتی ہیں۔ بسا اوقات عین بیداری میں ایک شربت یا کسی قسم کا میوہ عالم کشف سے ہاتھ میں آتا ہے اور وہ کھانے میں نہایت لذیذ ہوتا ہے۔ اور ان سب امور میں یہ عاجز خود صاحب تجربہ ہے۔ کشف کی اعلیٰ قسموں میں سے یہ ایک قسم ہے کہ بالکل بیداری میں واقع ہوتی ہے اور یہاں تک اپنے ذاتی تجربہ سے دیکھا گیا ہے کہ ایک شیریں طعام یا کسی قسم کا میوہ یا شربت غیب سے نظر کے سامنے آ گیا ہے اور وہ ایک غیبی ہاتھ سے منہ میں پڑتا جاتا ہے اور زبان کی قوت ذائقہ اس کے لذیذ طعم سے لذت اٹھاتی جاتی ہے اور دوسرے لوگوں سے باتوں کا سلسلہ بھی جاری ہے اور حواس ظاہری بخوبی اپنا اپنا کام دے رہے ہیں۔ اور یہ شربت یا میوہ بھی کھایا جا رہا ہے اور اس کی لذت اور حلاوت بھی ایسی ہی کھلے کھلے طور پر معلوم ہوتی ہے بلکہ وہ لذت اس لذت سے نہایت الطف ہوتی ہے اور یہ ہرگز نہیں کہ وہ وہم ہوتا ہے یا صرف بے بنیاد تخیلات ہوتے ہیں، بلکہ واقعی طور پر وہ خدا جس کی شان بکل خلق علیم ہے۔ ایک قسم کے خلق کا تماشہ دکھا دیتا ہے پس جبکہ اس قسم کے خلق اور پیدائش کا دنیا میں ہی نمونہ دکھائی دیتا ہے اور ہر ایک زمانہ کے عارف اس کے بارے میں گواہی دیتے چلے آئے ہیں، تو پھر وہ تمثلی خلق اور پیدائش جو آخرت میں ہوگی اور میزان اعمال نظر آئے گی اور پل صراط نظر آئے گا اور ایسا ہی بہت سے امور روحانی جسمانی تشکل کے ساتھ نظر آئیں گے۔ اس سے کیوں عقلمند تعجب کرے۔ کیا جس نے یہ سلسلہ تمثلی خلق اور پیدائش کا دنیا میں ہی عارفوں کو دکھا دیا ہے، اس کی قدرت سے یہ بعید ہے کہ وہ آخرت میں بھی دکھا دے، بلکہ ان تمثلات کو عالم آخرت سے نہایت مناسبت ہے، کیونکہ جس حالت میں اس عالم میں جو کمال انقطاع کا تجلی گاہ نہیں ہے۔ یہ تمثلی پیدائش تزکیہ یافتہ لوگوں پر ظاہر ہو جاتی ہے، تو پھر عالم آخرت میں جو اکمل اور اتم انقطاع کا مقام ہے، کیوں نظر نہ آوے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 43)

انسان جب بھی خرچ کرے خدا کی محبت اور خوشنودی کے حصول اور اس کی رضا کے پانے کیلئے خرچ کرے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

## زلزلہ زدگان کیلئے امداد

زلزلہ کے متاثرین کیلئے جماعت احمدیہ کی طرف سے امدادی سرگرمیاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر طور پر جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں پاکستان بھر کی جماعتوں اور بیرون پاکستان کے احمدیوں نے بھی نہایت اخلاص کے ساتھ اس کار خیر میں شرکت کرنے کا عملی نمونہ دکھایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اس سلسلہ میں جملہ جماعتوں سے درخواست ہے کہ نقد عطیات کے علاوہ اجناس میں صرف خیمے، بستر، کمبل، چاول اور آٹا بھجوانے کی ضرورت ہے پرانے کپڑے نہ بھجوائیں اور سامان کی ہر جنس کو الگ الگ پیک کر کے بھجوایا جائے۔ نقد رقوم کی وصولی ''انسانی ہمدردی کی مد'' میں صدر انجمن احمدیہ کے نام بھجوائی جائیں۔ (ناظر امور عامہ)

## دعائیہ فہرست تحریک جدید

تحریک جدید کا سال رواں 31/اکتوبر کو اختتام پذیر ہو رہا ہے اور لندن میں 2 نومبر کو رمضان کی 29 تاریخ ہوگی۔ لہٰذا تحریک جدید کی روائتی دعائیہ فہرست امسال تیار نہ ہو سکے گی۔ جماعتوں سے درخواست ہے کہ سال کے چند بقیہ ایام میں خصوصی محنت اور توجہ سے وصولی کو ٹارگٹ سے بھی بڑھ کر عمل میں لانے کی سعی فرمائیں۔ اور پاکستان کیلئے اولیت کے مقام کے شرف کو قائم رکھنے کا موجب ہوں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## میڈیکل سپیشلسٹ کی آمد

مکرم ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب میڈیکل سپیشلسٹ ہر منگل کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت مند احباب استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر)

**اہم نوٹ: آج کے اخبار میں صفحہ 3 تا 6 شامل نہیں کیا گیا۔**

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## جمعہ 28/ اکتوبر 2005ء

| | |
|---|---|
| 5-00 a.m | تلاوت، درس ملفوظات، خبریں |
| 6-00 a.m | درس القرآن |
| 7-40 a.m | فرنچ سروس |
| 8-05 a.m | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |
| 8-55 a.m | تلاوت، درس، سیرت النبیؐ |
| 10-25 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-30 a.m | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 12-25 p.m | ملاقات |
| 1-20 p.m | فرنچ سروس |
| 1-40 p.m | انڈونیشین سروس |
| 2-45 p.m | سرائیکی سروس |
| 3-10 p.m | درس القرآن |
| 4-50 p.m | تلاوت |
| 5-00 p.m | خطبہ جمعہ (لائیو) |
| 6-20 p.m | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 7-15 p.m | بنگلہ سروس |
| 8-15 p.m | خطبہ جمعہ |
| 9-20 p.m | تلاوت، درس ملفوظات، رمضان کے بارے میں |
| 10-15 p.m | ڈسکشن پروگرام |
| 11-05 p.m | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |

## ہفتہ 29/ اکتوبر 2005ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | عربی سروس |
| 1-05 a.m | لقاء مع العرب |
| 2-10 a.m | خطبہ جمعہ |
| 3-10 a.m | درس القرآن |
| 4-40 a.m | تلاوت، اسمائے الٰہی |
| 5-00 a.m | تلاوت، درس ملفوظات، خبریں |
| 6-00 a.m | درس القرآن |
| 7-30 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 8-05 a.m | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |
| 8-35 a.m | تلاوت، درس حدیث، سیرت النبیؐ |
| 9-30 a.m | تلاوت، اسمائے الٰہی |
| 9-40 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-00 a.m | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 11-55 a.m | خطبہ جمعہ |
| 12-55 p.m | کہکشاں |
| 1-25 p.m | فرنچ پروگرام |
| 2-25 p.m | انڈونیشین سروس |
| 3-30 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 4-00 p.m | درس القرآن |
| 5-40 p.m | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 6-35 p.m | رمضان پروگرام |
| 7-40 p.m | بنگلہ سروس |
| 8-40 p.m | حمدیہ مجلس |
| 9-45 p.m | تلاوت، درس ملفوظات، رمضان کے بارے میں |
| 10-30 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 11-00 p.m | کہکشاں |

## اتوار 30/ اکتوبر 2005ء

| | |
|---|---|
| 12-35 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-40 a.m | رمضان پروگرام |
| 2-40 a.m | درس القرآن |
| 4-10 a.m | ایم۔ٹی۔اے ورائٹی |
| 4-40 a.m | تلاوت، اسمائے الٰہی |
| 5-00 a.m | تلاوت، درس ملفوظات، خبریں |
| 6-00 a.m | درس القرآن |
| 7-45 a.m | رمضان پروگرام |
| 8-55 a.m | تلاوت، درس حدیث، سیرت النبیؐ |
| 10-05 a.m | تلاوت |
| 10-30 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-40 a.m | تلاوت، درس حدیث، خبریں |
| 12-35 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 1-40 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 2-05 p.m | دورہ حضور انور |
| 3-00 p.m | انڈونیشن سروس |
| 4-00 p.m | درس القرآن |
| 5-40 p.m | تلاوت، خبریں |
| 6-25 p.m | بنگلہ سروس |
| 7-30 p.m | خطبہ جمعہ |
| 8-30 p.m | رمضان پروگرام |
| 9-30 p.m | تلاوت |
| 9-55 p.m | دورہ حضور انور |
| 10-55 p.m | عربی سروس |

**کیا آپ کے گھر ایم ٹی اے باقاعدگی سے دیکھا جاتا ہے**

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے قبل از خلافت خطابات کے بارہ میں معلومات درکار ہیں

ادارہ طاہر فاؤنڈیشن حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع کے قبل از خلافت خطابات و لیکچرز کو مدون کر رہا ہے۔ اس بارہ میں احباب سے درخواست ہے کہ اگر کسی دوست کے پاس حضور کے قبل از خلافت خطاب یا لیکچر تحریری آڈیو ویڈیو صورت میں موجود ہوں یا ان سے متعلق معلومات ہوں تو برائے مہربانی اطلاع دے کر ممنون فرمائیں۔

سیکرٹری طاہر فاؤنڈیشن، احاطہ پرائیویٹ سیکرٹری ربوہ

فون: 047-6213238

ای میل: secretary@tahirfoundation.org

info@tahirfoundation.org

## تکمیل قرآن مجید

مکرم سلطان احمد شاہد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی نواسی عزیزہ فیضیہ ایوب بنت مکرم رانا محمد ایوب صاحب ابن رانا عبدالعزیز صاحب ملتان نے خدا کے فضل سے ساڑھے پانچ سال کی عمر میں قرآن مجید کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔ بچی خدا کے فضل سے وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا اسے قرآنی تعلیم پر عمل کرنے والی بنائے۔ آمین

## ولادت

مکرم رانا عبدالمجید خاں صاحب زعیم مجلس انصاراللہ باب الابواب ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم رانا عبدالواجد خاں صاحب اٹلی و محترمہ فرزانہ بشریٰ صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 19 ستمبر 2005ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت طاہرہ واجد عطا فرمایا ہے بچی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ بچی نیک ہو اور والدین کیلئے راحت کا موجب ہو۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(محترمہ مسرت مبشر بخاری صاحبہ بابت ترکہ محترمہ زینب بی بی صاحبہ)

محترمہ مسرت مبشر بخاری صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ ہماری والدہ محترمہ زینب بی بی صاحبہ عرف لیلیٰ بیگم صاحبہ اہلیہ محمد اشرف صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں قطعہ نمبر 16/33 محلّہ فیکٹری ایریا ربوہ برقبہ دس مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر کے منتقل کردہ ہے یہ قطعہ ہم ورثاء کے نام بحصص شرعی منتقل کر دیا جائے دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

محترمہ مسرت مبشر بخاری صاحبہ دختر

محترمہ طلعت مشرف صاحبہ دختر

محترم محمود اشرف صاحب پسر

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر دارالقضاء کو مطلع کرے۔

(ناظم دارالقضاء)

(محترم مصلح الدین صاحب بابت ترکہ محترمہ عائشہ فرحت صاحبہ)

محترم مصلح الدین نے درخواست دی ہے کہ قطعہ نمبر B-6/19 دارالیمن غربی ربوہ میرے والد مکرم قریشی مبارک احمد صاحب مرحوم کے نام تھا جس کی منتقلی کا فیصلہ بنام عائشہ فرحت مبارک صاحبہ اہلیہ قریشی مبارک احمد صاحب ہو چکا تھا لیکن میری والدہ مکرمہ عائشہ فرحت صاحبہ کے انتقال کے باعث اس پر عمل درآمد نہ ہو سکا عرض ہے کہ اب اس پلاٹ 6/19 دارالیمن غربی ربوہ کو میرے نام منتقل کیا جائے اور دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

محترم مصلح الدین صاحب پسر

محترمہ خولہ انجم صاحبہ دختر

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرے۔

(ناظم دارالقضاء)

**کوئی احمدی گھر ایسا نہ ہو جہاں تلاوت قرآن کریم نہ ہوتی ہو۔**

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

**مسل نمبر 52554 میں**

### Mukri S/O Atmji

پیشہ فارمر عمر 63 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 044-10-30 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ مکان مع زمین برقبہ 140 مربع میٹر واقع Mansior مالیتی -/RP30000000۔ 2۔ زمین واقع Mansior 280 مربع میٹر مالیتی -/RP14000000۔ 3۔ رائس فیلڈ واقع Mansior 490 مربع میٹر مالیتی -/RP24500000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP80000 ماہوار بصورت فارم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Mukri گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

**مسل نمبر 52555 میں**

### Lukman Nur Hakim S/O Sutara

پیشہ کاروبار عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 04-11-22 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ موٹر سائیکل مالیتی -/RP1000.000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP300.000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Lukman Nur Hakim گواہ شد نمبر 1 Yusup Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

**مسل نمبر 52556 میں**

### Kasno S/O Sumo Karmin

پیشہ فارمر عمر 65 سال بیعت 1996ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 8x13 مربع میٹر واقع Sugih Rejo مالیتی -/RP10.000.000۔ 2۔ زمین برقبہ 11x35 مربع میٹر واقع Sugih Rejo مالیتی -/RP15.000.000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Kasno گواہ شد نمبر 1 H.Nurhadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Suparini انڈونیشیا

**مسل نمبر 52557 میں**

### Nanang Almehdi S/O Nurhadi

پیشہ ملازمت عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1500000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Nanung Almehdi گواہ شد نمبر 1 Nurhadi گواہ شد نمبر 2 R.Azir

**مسل نمبر 52558 میں**

### Nasir Achmad

S/O Ahmad Sarido

پیشہ پنشنر عمر 58 سال بیعت 1965ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-4-8 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ مکان 126 مربع میٹر مع زمین 400 مربع میٹر واقع Celeban مالیتی -/RP250000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1350000 ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Nasir Achmad گواہ شد نمبر 1 Dosir Irfan Firdausi گواہ شد نمبر 2 Nur Nasira Maryam

**مسل نمبر 52559 میں**

### Abdull Suvkur

S/O Mardi Al Qomar

پیشہ ملازمت عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-4-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ مکان مع زمین 182 مربع میٹر مالیتی -/RP50400000 واقع Mansilor۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1840.000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Abdul Svukur گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

**مسل نمبر 52560 میں**

### Warim Kasidin

S/O Nata Wijaya

پیشہ فارمر عمر 68 سال بیعت 1958ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-3-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ مکان واقع Mansilor مالیتی -/RP15000000۔ 2۔ زمین برقبہ 140 مربع واقع Mansilor مالیتی -/RP4000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP160.000 ماہوار بصورت فارم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Warim Kasidin گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

**مسل نمبر 52561 میں**

### Ari Rumiati D/O Nurhadi

پیشہ ٹیچر عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-9 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP300.000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Ari Rumiati گواہ شد نمبر 1 Nurhadi گواہ شد نمبر 2 Rahmat Azis

**مسل نمبر 52562 میں**

### Tabligh Farida

D/O Mdi Mustagim

پیشہ طالب علم عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP50000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Tabligh Farida گواہ شد نمبر 1 Lucia Suharni گواہ شد نمبر 2 Mustagim

**مسل نمبر 52563 میں**

### Svaidatun Rohmi

W/O Mahfudin

پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر 5 گرام طلائی زیور -/RP500000۔ 2۔ مکان واقع Cisalada کا 1/2 حصہ مالیتی -/RP15000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP50.000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Svaidatun Romi گواہ شد نمبر 1 Tahir Ahmad انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Mahfudin خاوند موصیہ

**مسل نمبر 52564 میں**

### Titin Rohayati

W/O Maman Ma`ruf

پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-2-25 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بصورت 10 گرام طلائی زیور -/RP1000000۔ 2۔ طلائی زیور 7 گرام مالیتی -/RP700000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP80000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Titin Rohayati گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

**مسل نمبر 52565 میں**

### Sumidi S/O Arjo Sakiman

پیشہ کاروبار عمر 33 سال بیعت 2004ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP500000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Sumidi گواہ شد نمبر 1 Munasir انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Marvoto انڈونیشیا

**مسل نمبر 52566 میں**

### Siti Maryam Sodikoh

W/O M.Sidik Barkatullah

پیشہ خانہ داری عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-3-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر طلائی زیور 10 گرام مالیتی -/RP1000000۔ 2۔ طلائی زیور 9 گرام مالیتی -/RP855000۔ 3۔ زمین

198مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP14000000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP90000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Siti Maryam Sodikah گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52567 میں

## Tigno Sarju W/O Saca

پیشہ فارمر عمر 69 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-3-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔زمین مع مکان 168مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP32600000۔2۔ رائس فیلڈ 1680 مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP3600000۔3۔زمین برقبہ 448مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP28400000۔4۔گائے دو عدد -/RP5000000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP100.000 ماہوار بصورت فارمر مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Tigno Sarju گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

## مسل نمبر 52568 میں

## Suminta Sanjan S/O Tarwan

پیشہ فارمر عمر 67 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-11-04 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔مکان مع زمین واقع Mansilor مالیتی -/RP25000000۔ 2۔ رائس فیلڈ برقبہ 840مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP12000000۔ 3۔ زمین برقبہ 280مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP14000000۔ 4۔زمین برقبہ 420مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP3000000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP160000 ماہوار بصورت فارمر مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Suminta Sanjan گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52569 میں

## Suparni W/O Kasno

پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 8-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر ادا شدہ -/RP400۔2۔رائس فیلڈ برقبہ 15x19 مربع میٹر مالیتی -/RP17000000۔3۔مکان برقبہ 10x10 مربع میٹر مالیتی -/RP25000000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP75000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Suparni گواہ شد نمبر 1 Nurhadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Kosno خاوند موصیہ

## مسل نمبر 52570 میں

## Satri W/O Kusni

پیشہ خانہ داری عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27-11-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر -/RP400.000۔ 2۔طلائی زیور 6 گرام مالیتی -/RP510.000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP5000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Satri گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

## مسل نمبر 52571 میں

## Siti Nurhavati W/O Abu Kosim

پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-3-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر 10 گرام طلائی زیور مالیتی -/RP850000۔2۔طلائی زیور مالیتی -/RP850000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP65.000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Siti Nurhavati گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

## مسل نمبر 52572 میں

## Juju Juriah

W/O Rusdi Sriwivata

پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 25-2-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر 7.5 گرام طلائی زیور مالیتی -/RP750000۔2۔طلائی زیور 0.5 گرام مالیتی -/RP35,000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP80.000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Juju Juriah گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52573 میں

## Sri Khalif atunisa

W/O Nurahim

پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-11-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر 15 گرام طلائی زیور مالیتی -/RP1500.000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP200.000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Sri Khalifatunisa گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52574 میں

## Suneriyah W/O Dulatif

پیشہ خانہ داری عمر 59 سال بیعت 1960ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-10-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر 27 گرام طلائی زیور مالیتی -/RP2480000۔2۔رائس فیلڈ 658مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP16450000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP320000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Suneriah گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52575 میں

## Siti Kamillah W/O Junedi

پیشہ خانہ داری عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-2-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر بصورت طلائی زیور 5 گرام مالیتی -/RP50.0000۔ 2۔ طلائی زیور 216 گرام مالیتی -/RP21160000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP160000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Siti Kamillah گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52576 میں

## Siti Kamillah W/O Dahlan

پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-1-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر طلائی زیور 10 گرام مالیتی -/Rp850000۔2۔طلائی زیور 20 گرام مالیتی -/RP172000۔ 3۔مکان برقبہ 182مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP30000000۔اس وقت مجھے مبلغ -/160.000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Siti Kamillah گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52577 میں

## Juju Jubaedah W/O Djum Hawi

پیشہ خانہ داری عمر 61 سال بیعت 1962ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر بصورت زیور 5 گرام ادا شدہ مالیتی -/RP500.000۔ 2۔مکان واقع Cisalada کا 1/2 حصہ مالیتی -/RP17500000۔ 3۔ زمین واقع Cisalada کا 1/2 حصہ مالیتی -/RP1200000۔ اس وقت مجھے مبلغ /RP75000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Juju Jubaedah گواہ شد نمبر 1 Totoh Patonah انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Djum Hawi خاوند موصیہ

## مسل نمبر 52578 میں

## Supi W/O Oha Sungkawa

پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-11-04 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔حق مہر -/RP400000۔ 2۔طلائی زیور 2 گرام مالیتی -/RP170000۔ 3۔زمین برقبہ 182 مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP6500000۔اس وقت مجھے مبلغ -/RP520..000 ماہوار بصورت جیب خرچ رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور

فرمائی جاوے۔ الامتہ Asmi گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52605 میں

### Sarni W/O Rasam

پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 04-11-25 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/RP200000۔ 2۔ زیور 6 گرام مالیتی -/RP510000۔ 3۔ زمین برقبہ 126 مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP9000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP80000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Sarni گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52606 میں

### Khuriyah W/O Cecep Yahna

پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 04-11-22 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/RP200000۔ 2۔ طلائی زیور ایک گرام مالیتی -/RP85000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP50000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Khuriah گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52607 میں

### Yuvuan Yuningsih

W/O Ahmad Sukri

پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-3-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ زمین برقبہ 140 مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP10000000۔ 2۔ طلائی زیور ایک گرام مالیتی -/RP100000۔ 3۔ حق مہر 6 گرام زیور مالیتی -/RP570000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Yuvuan Yuningsih گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanucsi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52608 میں

### Jari W/O Samadi

پیشہ خانہ داری عمر 71 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 04-12-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/RP200000۔ 2۔ زمین 98 مربع میٹر واقع Mansilor مالیتی -/RP4900000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP50000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Jari گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52609 میں

### Encin W/O Ahmad Anwar

پیشہ خانہ داری عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-3-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/RP500000۔ 2۔ طلائی زیور 2.5 گرام مالیتی -/RP200000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP150000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Encin گواہ شد نمبر 1 Edi Jamhari انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52610 میں

### Empud S/O Encu

پیشہ لیبر عمر 73 سال بیعت 1945ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 04-12-14 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Empud گواہ شد نمبر 1 M.Daliz.A گواہ شد نمبر 2 Tarmo Wendi

## مسل نمبر 52611 میں

### Dini Mulyawati

D/O Enang Bachru

پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت 1981ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-4-9 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 10 گرام مالیتی -/RP950000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100.000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Dini Mulyawati گواہ شد نمبر 1 Wagito Tabir انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Aan Hasanah

مسل نمبر 52612 میں

### Yuyun Yuningsih

W/O Nanan Sukandar

پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت 1990ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 04-12-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ حق مہر -/RP100000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP400000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Yuyun Yuningsih گواہ شد نمبر 1 Abdul Qudus انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Nanan Sukandar خاوند موصیہ

## مسل نمبر 52613 میں

### Hj.Sofiah W/O H.Sasmidi

پیشہ ملازمت عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-2-9 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ کار مالیتی -/RP20000000۔ 2۔ حق مہر 10 گرام زیور -/RP1250000۔ 3۔ Goldcoin -/RP1050000۔ 4۔ متفرق سامان (سیل فون۔ گارمنٹس) -/RP1750000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP2200000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Hj.Sofiah گواہ شد نمبر 1 Erwin Athaunut انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 H.Sasmidi انڈونیشیا

## مسل نمبر 52614 میں

### Zaki Ainul Fadi

S/O Ali Abubakar (Late)

پیشہ ٹیچر عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-4-2 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP900.000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Zaki Ainul Fadli گواہ شد نمبر 1 Munawar Ahmed انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 Fetty Fatiyah انڈونیشیا

## مسل نمبر 52615 میں

### Asep.S.Abdul Wahab

S/O Uding

پیشہ کاروبار عمر 34 سال بیعت 1999ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-2-22 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1700000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Asep.S.Abdul Sahab گواہ شد نمبر 1 Nur Asikin انڈونیشیا گواہ شد نمبر 2 M.Chaerududien انڈونیشیا

## سیکرٹریان تعلیم کی توجہ کیلئے اہم امور

سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ طلبہ سے مستقل انفرادی رابطہ رکھیں اور ان کیلئے دعا بھی کریں اور اگر ان کو کسی مشکل کا سامنا ہو تو اس کو لوکل لیول پر حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

نظارت تعلیم کی طرف سے تمام سیکرٹریان تعلیم کو ماہوار رپورٹ فارم کا نمونہ ارسال کیا گیا تھا اس سلسلہ میں تحریر ہے کہ یہ رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے مقررہ فارم پر ارسال کرنا بہت ضروری ہے تاکہ تمام سیکرٹریان تعلیم سے نظارت کا مستقل رابطہ رہے۔

جو طلباء و طالبات اگلی کلاسوں میں جائیں گے ان سے سابقہ کلاسوں کی کتب لے کر مستحق طلباء و طالبات میں تقسیم کی جائیں کیونکہ کتب نہ ہونے کی وجہ سے بعض بچے تعلیم چھوڑ جاتے ہیں۔ اس بات کا بھی خاص طور پر جائزہ لیا جائے کہ نئی کلاسوں میں جانے والے طلباء و طالبات کے پاس تمام ضروری سامان مثلاً یونیفارم کتب، کاغذ، پنسل وغیرہ موجود ہے کہ نہیں۔ اس سلسلہ میں جو بھی مساعی کی جائے اس کی رپورٹ بھی ماہوار رپورٹ فارم کے ساتھ ہی ارسال کر دی جائے۔

تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ ان دنوں میں خاص طور پر ان احمدی طلباء و طالبات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جو امتحانات دے رہے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت احمدیہ کیلئے نیک وجود ثابت کرے۔ آمین

(نظارت تعلیم)

کوالٹی جیولری میں با اعتماد نام
رحیم جیولرز
نور مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ 04524-215045

## ملکی اخبارات سے

# خبریں

**سونامی سے بدتر صورتحال** اقوام متحدہ کے ہنگامی ریلیف سیل کے کوآرڈی نیٹر نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں زلزلہ زدہ علاقوں کی صورتحال سونامی سے بدتر ہے حالات دن بدن خراب ہو رہے ہیں۔لاکھوں متاثرہ افراد تک ابھی نہیں پہنچا جاسکا۔سردی بڑھ رہی ہے مزید ہزاروں اموات کی ذمہ داری عالمی برادری پر ہوگی۔

**عالمی امداد ناکافی ہے** صدر جنرل پرویز مشرف نے کہا ہے کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کیلئے دی جانے والی عالمی امداد "بالکل ناکافی" ہے۔بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر نے کہا کہ اب تک چھ سو ملین ڈالر یعنی 62 کروڑ ڈالر کی امداد کا وعدہ کیا گیا ہے جبکہ متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو کیلئے کم از کم پانچ ارب ڈالر کی ضرورت ہے۔زلزلہ زدگان کی آبادکاری کیلئے پانچ لاکھ نئے گھروں کی ضرورت ہے۔صدر مشرف نے کہا کہ وہ جلد ہی ایک عالمی کانفرنس بلانے کا ارادہ رکھتے ہیں جس میں عالمی ممالک اور تنظیموں کو مدعو کیا جائے گا تاکہ مزید امدادی فنڈ جمع ہو سکیں۔انہوں نے کہا کہ اگر سرد موسم شروع ہونے سے قبل متاثرہ علاقوں میں امدادی ٹیمیں خیمے اور کمبل ادویات و دیگر ضروری اشیاء لے کر نہ پہنچیں تو لوگ مشکلات کا شکار ہو جائیں گے زلزلہ سے مرنے والوں کی تعداد 50 ہزار سے زائد ہو چکی ہے 70 لاکھ سے زائد لوگ بے گھر ہو چکے ہیں اور لاکھوں زخمی ہیں۔

**ترکی کی طرف سے امداد** میجر جنرل شوکت سلطان نے کہا ہے کہ ترکی 15 کروڑ ڈالر کی امداد دے کر اب تک سب سے زیادہ امداد دینے والا ملک بن گیا ہے۔ترکی کے وزیراعظم نے صدر مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے ملاقات کی۔ترک وزیر اعظم نے متاثرہ علاقوں کا دورہ بھی کیا اور زلزلہ زدگان کیلئے ہر ممکن امداد فراہم کرنے کا وعدہ کیا اور عالمی برادری سے اپیل کی کہ زلزلہ کے متاثرین کیلئے پاکستان کو مزید امداد دے انہوں نے مزید کہا کہ دنیا اسلحہ کی بجائے آفات سے نمٹنے کیلئے وسائل مختص کرے۔

**زلزلہ سے ہونے والا نقصان** گورنر سٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ زلزلے سے ہونے والا نقصان پورا نہ ہوا تو بجٹ میں ردوبدل کرنا پڑے گا۔تمام امدادی رقوم صدر کے ریلیف فنڈ میں جمع کرا کے مربوط انداز میں ریلیف کا کام شروع کیا جائے۔ورنہ رقوم اور توانائیاں ضائع ہو سکتی ہیں اداروں اور افراد نے علیحدہ علیحدہ کام کئے تو مطلوبہ اہداف حاصل نہیں ہو سکتے سب مل کر بوجھ بانٹنے کی کوشش کریں۔

**متاثرہ علاقوں میں سوگ کی فضا** مظفرآباد اور آزاد کشمیر کے علاقوں میں مستقل سوگ کی فضا ہے۔ہر شخص اپنے غموں کا بوجھ خود ہی اٹھائے ہوئے ہے کوئی کسی کو تسلی دیتا ہے نہ صبر کی تلقین کرتا ہے۔کسی کا پورا خاندان نابود ہو گیا۔ہر گھر میں موت نے رقص کیا۔جو بچ گئے ان کے آنسو نہیں تھمتے آزاد کشمیر کی ماتحت عدالتوں کے 9۔اہلکار ایک خاتون جج اور وکیل جاں بحق ہوئے مظفر آباد، ہٹیاں، اٹھمقام میں عدالتوں کی عمارتیں مکمل تباہ ہو گئیں۔سپریم کورٹ کی عمارت کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ماتحت عدالتوں میں مقدمات کا ریکارڈ ملبے تلے دب گیا۔جیلوں میں سزائے موت کے قیدی ہلاک ہو گئے جبکہ کچھ لاپتہ ہیں مدعیوں اور ملزموں کا کچھ پتہ نہیں۔

**نیٹو کی امدادی سرگرمیاں** بحراوقیانوس کے شمالی ممالک کی عسکری تنظیم نیٹو نے پاکستان کے زلزلہ زدگان کی بحالی کیلئے ایک ہزار فوجی اور ہیلی کاپٹر پاکستان بھجوانے کا وعدہ کیا ہے فوجیوں میں 500 انجینئر بھی شامل ہوں گے۔نیٹو کے طیارے اقوام متحدہ کی طرف سے جمع کردہ سامان بھی پاکستان منتقل کریں گے۔

**سامان لوگوں تک نہیں پہنچ رہا** قومی اسمبلی میں اپوزیشن کی جماعتوں نے کہا ہے کہ امدادی سامان متاثرہ لوگوں تک نہیں پہنچ رہا۔امداد کا آڈٹ کرایا جائے۔رضاکاروں کو روکنا مجرمانہ فعل ہے جو خیمے ہم خود بھیجنا چاہتے ہیں وہ حکومت اپنی تحویل میں لے رہی ہے۔

**دینی مدارس کی رجسٹریشن** پنجاب اسمبلی میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کا قانون بھاری اکثریت سے منظور کر لیا گیا ہے۔رجسٹریشن کے بغیر دینی مدرسہ نہ قائم رہ سکے گا نہ چلایا جا سکے گا۔مدارس کو دینی سرگرمیوں اور کارکردگی کی سالانہ رپورٹ رجسٹرار کو پیش کرنا ہوگی۔آمدنی اور اخراجات کی رپورٹ بھی پیش کرنا ہوگی۔

**امدادی ٹیموں کی آمد** کیوبا اور جاپان کے ڈاکٹروں کی امدادی ٹیمیں بھی پاکستان پہنچ گئی ہیں۔جاپانی ٹیم میں 15 ڈاکٹر اور 14 نرسیں شامل ہیں۔کیوبن ٹیم 100 ڈاکٹروں پر مشتمل ہے۔برطانیہ سے 3 ہیلی کاپٹر پہنچ جائیں گے ریڈ کراس نے مظفر آباد میں عارضی ہسپتال قائم کر دیا ہے۔جرمنی نے تباہ شدہ دفاتر کیلئے بڑا ٹینٹ مہیا کر دیا ہے۔فرانس، برطانیہ اور اٹلی کے جہاز امدادی سامان لے کر متاثرہ علاقوں تک جائیں گے۔پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل شوکت سلطان نے کہا ہے کہ ہر متاثرہ جگہ امداد پہنچائی جا رہی ہے۔بیرونی امداد کا خیر مقدم کرتے ہیں۔زخمیوں کو محفوظ مقامات تک پہنچانے کا کام جاری ہے۔متاثرہ لوگ پہاڑوں سے اتر کر وادیوں میں آ جائیں تو امدادی کام آسان ہو جائے گا۔

**عظیم آفت** اقوام متحدہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ آج تک ایسی آفت سے واسطہ نہیں پڑا۔برلن ایرلفٹ آپریشن شروع کیا جائے۔سردی کے آغاز سے قبل زلزلہ زدہ علاقوں سے لوگوں کو نکالنے کیلئے اس طرح کا فضائی آپریشن کیا جائے جیسا کہ 1940ء کے عشرے میں اتحادی افواج نے برلن میں کیا تھا۔

**اسرائیل کے نائب وزیر تعلیم سے ملاقات** سپیکر قومی اسمبلی چوہدری امیر حسین نے جنیوا میں اسرائیلی نائب وزیر تعلیم سے ملاقات کی اسرائیلی امداد کی پیشکش کا شکریہ ادا کیا اور انہیں دورہ پاکستان کی دعوت بھی دی۔اسرائیل پاکستان کو ٹینٹ ادویات، کمبل اور کھانے پینے کی اشیاء کسی تیسرے ملک کے ذریعہ بھجوا رہا ہے۔

**اسرائیل دنیا کا 28واں بدعنوان ملک** لندن و برلن میں قائم دنیا بھر کے بدعنوان ممالک کی درجہ بندی کرنے والے معروف ادارے ٹرانس پرنسی انٹرنیشنل نے 159 ممالک کا سروے کیا۔اور اسرائیل کو دنیا کا 28واں بدعنوان ملک قرار دیا ہے۔ٹرانس، قطر، ترکی اور جاپان میں بدعنوانی کم ہوتی ہے۔ترانس پرنسی انٹرنیشنل نے اس سال کیلئے چاڈ اور بنگلہ دیش کو دنیا کے بدعنوان ترین ممالک قرار دیا ہے۔

**ربوہ میں طلوع وغروب 24/اکتوبر 2005ء**

| | |
|---|---|
| انتہائے سحر | 4:56 |
| طلوع آفتاب | 6:16 |
| زوال آفتاب | 11:53 |
| غروب آفتاب | 5:29 |

**شام اور ایران پر حملہ کرنے پر غور** امریکی وزیر خارجہ کونڈولیزا رائس نے انکشاف کیا ہے کہ امریکہ ایران اور شام پر حملہ کرنے پر غور کر رہا ہے کیونکہ یہ دونوں ممالک عراق میں مزاحمت کاروں کی مدد کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صدر بش کو ان دونوں ممالک پر حملہ کرنے کیلئے کانگرس سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔کیونکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عراق میں جنگ کے سلسلے میں صدر بش نے یہ اختیارات اپنے پاس رکھے ہیں اس لئے اب شام اور ایران کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ جنگ چاہتے ہیں یا امن۔

**جنگلات کا صفایا** زلزلہ کے نتیجہ میں آزاد کشمیر اور بالاکوٹ کے علاقوں میں پہاڑوں پر موجود جنگلات کا مکمل صفایا ہو گیا ہے جبکہ ان علاقوں میں زراعت 95 فیصد تباہ ہو گئی ہے۔ماہرین ارضیات کا کہنا ہے کہ زلزلہ سے بعض نئے چشمے کھل گئے۔پرانے بند ہو گئے۔پہاڑ کریک ہو گئے۔سبزہ آنے اور جنگلات آباد ہونے میں لمبا عرصہ لگے گا زیر زمین تبدیلیوں کی وجہ سے کراچی اور گوادر کے سمندر میں زلزلے سے سونامی پیدا ہو سکتی ہے۔


اکسیر بواسیر
خونی بواسیر کی مفید مجرب دوا
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
فون: 047-6212434 فیکس: 213966

HOLISMOPATHY
'TOP' CURE FOR CHRONIC Diseases.Pure Scientific & Holistic Homoeopathy. For Detalis
H/DR. Professor M.A Sajjad.
31/55 D.U.S Rabwah (047-6212694)

نورتن جیولرز ربوہ
فون گھر: 04524-211971
فون 214214
دکان 216216

ارشد بھٹی پراپرٹی ایجنسی
بلال مارکیٹ ربوہ بالمقابل ریلوے لائن
فون آفس: 047-6212764 گھر: 6211379

ہر لحاظ سے قابل اعتماد مختلف رنگوں میں دستیاب
سونی سائیکل
اور دیگر سپیئر پارٹس مارکیٹ سے دستیاب ہیں
5 سال کی گارنٹی
پیارے بچوں کے لئے خوبصورت تحفہ
پاکستانی بنئے
بین الاقوامی معیار کے ساتھ
پاکستانی مصنوعات خریدیئے
فون: 7142610 7142613 7142623
فیکس: 7142093
تیار کردہ: سونی سائیکل انڈسٹریز، لاہور

C.P.L 29-FD